SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر XXVI مجریہ ۱۹۹۴

SINDH ACT NO.XXVI OF 1994

سندھ بلدیاتی حکومت (تیسری ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۴

THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (THIRD AMENDMENT) ACT, 1994

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۳ کی ترمیم
Amendment of section 3 of Sindh Ordinance XII of 1979
۳۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ۱۰ کی ترمیم
Amendment of section 10 of Sindh Ordinance XII of 1979
۴۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۲۳کی ترمیم
Amendment of section 23 of Sindh Ordinance XII of 1979
۵۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۲۶کی ترمیم
Amendment of section 26 of Sindh Ordinance XII of 1979
۶۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۳۸کی ترمیم
Amendment of section 38 of Sindh Ordinance XII of 1979
۷۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۴۰کی ترمیم

Amendment of section 40 of Sindh Ordinance XII of 1979

۸۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۶۰کی ترمیم

Amendment of section 60 of Sindh Ordinance XII of 1979

۹۔ منسوخی

Repeal

سندھ ایکٹ نمبر XXVI مجریہ ۱۹۹۴

SINDH ACT NO.XXVI OF

1994

سندھ بلدیاتی حکومت (تیسری ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۴

THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (THIRD AMENDMENT) ACT, 1994

تمہید (Preamble)

[۴ اکتوبر ۱۹۹۴]

ایکٹ جس کی توسط سے سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ بلدیاتی حکومت (تیسری ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۴ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۲۔ سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۳ کی شق ۸۳ کو ختم کیا جائے گا۔

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۳ کی ترمیم
Amendment of section 3 of Sindh Ordinance XII of 1979

۳۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۱۰ میں:

(i) ذیلی دفعہ (۱) کی شق (a) میں، ذیلی شق (iii) میں، شرطیہ بیان کو ختم کیا جائے گا؛

(ii) ذیلی دفعہ (۲) میں، الفاظ "میٹروپولیٹن کارپوریشن یا" کے لیئے الفاظ "ضلعی

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ۱۰ کی ترمیم
Amendment of section 10 of Sindh Ordinance XII of

کاؤنسل" سے متبادل بنایا جائے گا۔

1979
۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۲۳کی ترمیم
Amendment of section 23 of Sindh Ordinance XII of 1979

۴۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۲۳ میں، الفاظ "دفعہ ۱۴ کی ذیلی دفعہ (۱) کی شق (a) میں بیان کردہ" کو الفاظ اور کاما "سرکاری میمبران کے علاوہ، اگر کوئی ہو" کو متبادل بنایا جائے گا۔

1979
۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۲۶کی ترمیم
Amendment of section 26 of Sindh Ordinance XII of 1979

۵۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۲۶ میں ذیلی دفعہ (۴) کو ختم کیا جائے گا۔

1979
۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۳۸کی ترمیم
Amendment of section 38 of Sindh Ordinance XII of 1979

۶۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۳۸ میں، پہلے شرطیہ بیان اور دوسرے شرطیہ بیان میں لفظ "مزید" کو ختم کیا جائے گا۔

1979
۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۴۰کی ترمیم
Amendment of section 40 of

۷۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۴۰ کی ذیلی دفعہ (۱) میں:

(i) الفاظ اور کاما "ایک زونل میونسپل کمیٹی،" کو ختم کیا جائے گا؛

(ii) پہلے شرطیہ بیان میں، الفاظ "کوئی زونل میونسپل کمیٹی" کو ختم کیا جائے گا؛

(iii) دوسرے شرطیہ بیان کو ختم کیا جائے گا۔

Sindh Ordinance XII of 1979

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۶۰کی ترمیم

Amendment of section 60 of Sindh Ordinance XII of 1979

۸۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۶۰ میں:

(i) دوسرے اور تیسرے شرطیہ بیان کو ختم کیا جائےگا۔

(ii) ذیلی دفعہ (۲) کو ختم کیا جائے گا۔

۹۔ مذکورہ آرڈیننس کے شیڈول I میں:

(i) جریاں نمبر I کے لیئے اور اس کے اندراج کی جگہ پر، مندرجہ ذیل کو متبادل بنایا جائے گا:

"۱۔ کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن۔ ۲۰۴"

(ii) جریاں نمبر I-A اور اس کے اندراج کو ختم کیا جائے گا؛

(iii) جریاں نمبر ۲ میں داخلا میں، الفاظ "زونل میونسپل کمیٹیز کے علاوہ" کو ختم کیا جائے گا۔

۱۰۔ مذکورہ آرڈیننس کے شیڈول II میں:

(i) حصہ I کے لیئے، مندرجہ ذیل کو متبادل بنایا جائے گا:

''کام کارپوریشنز، میونسپل کمیٹیز اور ٹاؤن کمیٹیز کی طرف سے کیئے جائیں گے لازمی کام

حصہ I

کام جو صرف میٹروپولیٹن کارپورشن کی طرف سے کیئے جائیں گے۔

۱۔ کام جو خاص عوامی صحت کی خدمات سے منسلک ہیں:

(a) خراب ڈرینیج نظام، سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ اور سیوریج فارمس کی کی منصوبہ بندی، ترقی اور مرمت۔

(b) ٹوٹے پھوٹے ڈسپوزل پلانٹس کی منصوبہ بندی، ترقی اور مرمت۔

(c) جانوروں کی ذبح والی کالونیز کی منصوبہ بندی، ترقی اور مرمت۔

(d) ویکٹر کنٹرول کی منصوبہ بندی اور نظرداری۔

(e) فوڈ لیباریٹریز کی منصوبہ بندی، ترقی اور مرمت۔

(f) ہوا اور پانی کی آلودگی پر ضابطہ۔

۲۔ عوامی راستوں اور برساتی نالوں کی منصوبہ بندی، ترقی اور مرمت سے منسلک کام:

(a) برساتی نالوں کی منصوبہ بندی، ترقی اور مرمت۔

(b) راستوں اور پلوں کی تعمیر اورمرمت۔

۳۔ متفرق کام:

(a) ورک شاپس اور پریس کی منصوبہ بندی، ترقی اور مرمت۔

(b) چڑیا گھر، ماہی خانہ، پارکس، باغات اور کھیلوں کے میدانوں کی منصوبہ بندی، ترقی اور مرمت۔

(c) لائبریریز، میوزیمس اور آرٹ گیلریز کی منصوبہ بندی،ترقی اور مرمت۔

(d) گرانٹس، قرضوں اور دوسری مدد کا حصول، منظوری اور منظم کرنا۔

(e) عوامی سہولت کی پروجیکٹوں جیسا کہ تفریحی مراکز، سمندری کناروں اور قبرستانوں کی منصوبہ بندی، ترقی اور مرمت۔

(f) زمینوں کے ٹکڑوں کا تحفظ۔

(g) آگ بجھانے کی خدمات کی منصوبہ بندی، ترقی اور مرمت۔

(ii) حصہ I-A کو ختم کیا جائے گا۔

۱۱۔ مذکورہ آرڈیننس کے شیڈول V میں:

(i) حصہ I کے لیئے، مندرجہ ذیل کو متبادل بنایا جائے گا:

"ٹیکسز، ریٹس، ٹولس اور فیس جو کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن، میونسپلٹیز اور ڈسٹرکٹ کاؤنسلز کی طرف سے لگائے جائیں گے"۔

حصہ I

ٹیکسز، ریٹس، ٹولس اور فیس جو کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن کی طرف سے لگائے جائیں گے۔

منسوخی
Repeal

۱۔ موٹر گاڑیوں اور کشتیوں پر ٹیکس۔
۲۔ ڈرینیج ٹیکس
۳۔ مخصوص عوامی مفاد یا عوامی بہبود کے پروجیکٹوں پر مخصوص عرصہ کے لیئے ڈولپمنٹ ٹیکس۔
۴۔ زیادہ مقدار میں پانی کی فراہمی کے لیئے نرخ۔

(ii)حصہ I-A کو ختم کیا جائے گا۔

(iii)حصہ II میں الفاظ "کے علاوہ" کو لفظ "بشمول" کو متبادل بنایا جائے گا۔

۱۲۔ جب تک کچھ سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۱۹۷۹ کے متضاد نہ ہو، سندھ بلدیاتی حکومت (تیسری ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۴ کے نافذ ہونے سے:

(i)سارے اثاثے بشمول منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد کے اور ان کی ساری زونل میونسپل کمیٹیز کی طرف ذمہ داریاں منتقل ہو جائیں گی یا جیسے بھی معاملہ ہو کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن کو منتقل ہوجائیں گے۔

(ii)میونسپل کمیٹیز کے عملدار، اور ملازم کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن کے طرف منتقل ہو جائیں گے۔

۱۳۔ جہاں سندھ بلدیاتی حکومت (تیسری ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۴ کے نافذ ہونے کے بارہ ماہ کے کوئی مشکل پیش آئے، مذکورہ ایکٹ کی گنجائشوں کے عملدرآمد کے سلسلے میں، حکومت ایسی مشکل کو ختم کرنے کے لیئے خاص ہدایات جاری کر سکتی ہے۔

۱۴۔ سندھ بلدیاتی حکومت (تیسری ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۴ کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت

کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔